العربية | 中文 | Español | اردو | Tiếng Việt

\ہیوسٹن سڑک کے گڑھوں کا ٹریکر (HOUSTON POTHOLES TRACKER)

ہیوسٹن کے ساتھیوں کو میری نیک خواہشات!

میں موجود مایوسی کو سمجھتا ہوں اور ہماری سڑکوں کے حوالے سے کچھ کیے جانے سے متعلق ہیوسٹن کے باشندوں کی جانب سے کچھ کالیں بھی میں نے سنی ہیں۔ سڑک کے گڑھوں کی مرمت کرنے کی میری مہم، اس مسئلے پر آپ کا اعتماد جیتنے میں پہلا قدم ہے۔ اس کا ہدف 311 ہیلپ اینڈ انفارمیشن لائن (311 Help and Information Line) پر رپورٹ کردہ گڑھوں کی اگلے کاروباری دن تک جائزہ لینا اور ان کی مرمت کرنا ہے۔ اس کوشش کے حصے کے طور پر، ہم نے کاموں میں ہمواری پیدا کی ہے اور کسٹمر کو جواب دینے سے متعلق بہتر پروٹوکولز نافذ کر رکھے ہیں۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ ایک جزوقتی اصلاح ہے، لیکن یہی وہ پہلا قدم ہے جو ہمیں اپنی سڑکوں کیلئے طویل مدتی حل حاصل کرنے کیلئے اٹھانے کی ضرورت ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ شہر کی سڑکوں سے متعلق عملہ کو یہ چیلنج پورا کرنا ہے۔

یہ ویب سائٹ اس بابت معلومات فراہم کرنے کے لیے ہے کہ کیا چیز سڑک کے گڑھوں کے زمرے میں آتی ہے اور کیا چیز نہیں آتی ہے نیز ہماری پیشرفت کے بارے میں بروقت گراف اور چارٹس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے بھی بنائی گئی ہے۔

اگر آپ نے 311 ایپ اس سے پہلے ڈاؤن لوڈ نہیں کیا ہے تو براہ کرم iTunes یا Google سے اسے ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ یہ گڑھوں اور سڑک کے دیگر حالات کی اطلاع دینے کا تیز ترین طریقہ ہے۔ آپ اطلاع جمع کرانے کے لیے 311 پر کال بھی کر سکتے ہیں۔ (اگر ہیوسٹن سے باہر ہوں تو 713.837.0311 ڈائل کریں۔)

ہیوسٹن کی سڑکوں کو سبھی ڈرائیوروں کے لیے محفوظ تر بنانے میں ہماری مدد کرنے کا شکریہ۔

بصد احترام،



سلویسٹر ٹرنر (Sylvester Turner)
میئر

<u>درج ذیل چار اختیارات کا استعمال کرکے سڑک کے گڑھوں کی اطلاع دیں:</u>

- 311 (713-837-0311) پر کال کرکے
- 311@houstontx.gov پر ایک ای میل بھیج کر
- www.Houston311.org پر 311 ویب سائٹ پر سیلف - سرو کا استعمال کرکے
- 311 ایپ کا استعمال کرکے، جو یا تو Apple ایپ اسٹور یا Google Play (Android) کا استعمال کرکے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔

اکثر پوچھے گئے سوالات

آپ جو چیز جاننے کے خواہاں رہے ہیں لیکن آپ کو معلوم نہیں ہے کہ کس سے پوچھا جائے۔ ۔ ۔

سڑک گڑھا کیا ہے؟
سڑک کا گڑھا سڑک کے راستے میں موجود ایک گڑھا ہوتا ہے جو سائز اور شکل میں مختلف ہو سکتا ہے۔ گڑھا اس وقت بنتا ہے جب پانی پختہ رہگزر کے نیچے سے رس کر سڑک کی بنیاد میں جاتا ہے۔ جب گاڑیاں کمزور ہو چکے ان حصوں پر چلتی ہیں تو، راستہ ٹوٹ جاتا ہے اور گڑھا زیادہ بڑا ہو جاتا ہے۔

سٹی آف ہیوسٹن میں، سڑک کے گڑھوں کو پختہ سڑک کا ایسے غائب شدہ یا شدید حد تک انحطاط پذیر حصہ مانا جاتا ہے جو لگ بھگ 5 فٹ ضرب 5 فٹ تک ہو۔

ہیوسٹن کی سڑکوں میں اتنے سارے گڑھے کیوں ہیں؟
شہر کی سڑکوں کے قریب 16,000 لین میل کے ساتھ، گڑھے بہت سارے مقامات پر پیدا ہوں گے۔ بیشتر شہروں میں موسم گرما اور موسم بہار میں، سرد درجۂ حرارت اور بارش یا برف باری کے وقفوں کے بعد زیادہ سے زیادہ گڑھے نظر آنے کی توقع ہوتی ہے۔ مگر، ہمارے موسم کی وجہ سے، ہیوسٹن کے شہریوں کو یہ پورے سال نظر آتے ہیں۔ بہت ساری سڑکیں، خاص طور پر لوپ کے اندر شہر کے پرانے علاقوں میں، جہاں کا اندرونی ڈھانچہ ، یا زیر زمین اساس کافی پرانا ہے، جو ان حالات کے سامنے ناقص انداز کا ردعمل ظاہر کرتی ہے اور اس وجہ سے بننے والے گڑھوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے۔

آپ نے ایک گڑھے کو بھرا، لیکن چند دنوں کے بعد ہی، وہاں پر پھر سے گڑھا ہو گیا۔ آپ کی مرمتیں دیر تک کیوں نہیں ٹکتی ہیں؟
سڑک کے گڑھوں کی مرمت کے دوران موسمی حالات، مرمت کے بعد ٹریفک، اور سطح زمین کی قدرتی حالت عام طور پر یہ طے کرتی ہے کہ پیوند کی کارکردگی کتنی اچھی ہو گی۔ یوں تو بہت سارے گڑھے کئی مہینوں، یہاں تک کہ سالوں تک اچھی کارکردگی دکھاتے ہیں، مگر جہاں سڑک کے اندرونی مسائل موجود ہوں وہاں پر، گڑھوں کی پیوند کاری ایک عارضی مرمت ہوتی ہے۔ اگر گڑھے کی وجہ کو ٹھیک نہیں کیا جاتا ہے، جیسے پختہ رہگزر کے اندر پانی چلا جانا تو، گڑھے کے پیوند ناکام ہو سکتے ہیں، یا مزید گڑھے بنتے رہیں گے۔ طویل مدتی حل یہ ہے کہ اس سڑک کی بنیاد کو دوبارہ بنایا جائے، اور کچھ معاملوں میں، سطح زمین سے اوپر، اور ایک طرف کی ڈھلان سے دوسری طرف کی ڈھلان تک سڑک کی از سر نو تعمیر کی جائے۔

PWE کا کہنا ہے کہ وہ تین کاروباری دنوں کے اندر گڑھوں کو بھرتا ہے، لیکن گڑھا ابھی بھی موجود ہے۔ کیا ہو رہا ہے؟
آپ کی درخواست کردہ مرمت ہم کیوں نہیں کر سکے اس کی متعدد وجوہات ہوتی ہیں:

- **موسم کی وجہ سے تاخیر:** اگر بارش ہو رہی ہو، اگر گڑھا ہی پانی سے بھرا ہوا ہو یا جب درجۂ حرارت 45 ڈگری سے کم ہو تو گڑھے کو نہیں بھرا جا سکتا ہے۔ سیلاب یا لمبے عرصے تک بارش یا منجمد کردینے والا درجۂ حرارت مرمتوں میں رکاوٹ پیدا کر سکتا ہے۔ کام میں تاخیر ہونے پر، مطلوبہ مرمتی کام موسمی حالات میں بہتری آنے تک ترتیب وار رکھے جاتے ہیں۔ اس کے بعد عملہ مرمتوں میں آنے والی رکاوٹوں کو حل کرنے کے لیے فاضل وقت میں کام کرتا ہے۔
- **گڑھے کا پتہ نہیں چلنا:** کبھی کبھی کسٹمرز نامکمل یا ناکافی معلومات فراہم کرتے ہیں اور وہ جن گڑھوں کی رپورٹ دے رہے ہوتے ہیں ان کی نشاندہی ہم نہیں کر پاتے ہیں۔ اسی وجہ سے آپ کا نام، فون نمبر اور ای میل پتہ چھوڑنا یا ہیوسٹن 311 ایپ استعمال کرنا اس قدر اہم ہے۔ ہمارے پاس رابطے کی جتنی زیادہ معلومات ہوتی ہے، اس مقام کی بہتر وضاحت کے لیے آپ سے رابطہ کرنا اتنا ہی آسان تر اور تیز تر ہوتا ہے۔
- **دیگر حلقۂ اختیار والے علاقے:** سٹی آف ہیوسٹن میں کچھ مقامات واقعتاً دوسرے اداروں جیسے TxDot، ہیریس کاؤنٹی (Harris County)، یا نجی مالکان کی زیر ملکیت اور/یا زیر انتظام ہیں۔ جب شہری حضرات سڑکوں پر ایسے گڑھوں کی اطلاع دیتے ہیں جو سٹی آف ہیوسٹن کی ذمہ داری سے باہر ہوتے ہیں تو، ہم وہ معلومات موزوں ادارے کو بھیج دیتے ہیں۔
- **گڑھا نہیں ہے: یوٹیلیٹی کورز:** عوامی سڑکوں پر نجی یوٹیلیٹیز جیسے فون، گیس اور بجلی کے سروس انٹری پوائنٹس بھی ہوتے ہیں۔ جب زیر زمین یوٹیلیٹیز تک داخلے کی یہ جگہیں بوسیدہ ہو جاتی ہیں تو، یوٹیلیٹی کے مالکان کے لیے اپنے ریم کے آس پاس کے بوسیدہ اور/یا خراب شدہ پختہ راستے کی مرمت کرنا ضروری ہے۔ جب وہ گڑھا جس کی اطلاع دی گئی ہے ان یوٹیلیٹی کورز کا نتیجہ ہوتا ہے تو، مرمت کے لیے ہم آپ کی رپورٹ ان کو بھیج دیتے ہیں۔
- **سڑک کے کنارے سے دور:** کبھی کبھی کوئی گڑھا سڑک کے کنارے سے دور بن جاتا ہے، خاص طور پر جب نکاسی ناکافی ہوتی ہے اور وہ حصہ پارکنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ ان حصوں کی دیکھ بھال کرنا عموما اس سے متصل املاک کے مالکان کی ذمہ داری ہوتی ہے۔ ہمارے پاس ایسے معائنہ کاران موجود ہیں جو یہ توثیق کرتے ہیں کہ آیا گڑھا بہتر بنائی گئی سڑک میں ہے، یا راستے کے حق کے اس حصے میں ہے جو املاک کے مالکوں کی ذمہ داری میں آتا ہے۔
- **سڑک کے گڑھے کے بطور مرمت نہیں کی جا سکتی:** کچھ خرابیاں جن کی رپورٹ گڑھوں کے بطور دی جاتی ہے وہ اصل میں دوسری قسم کے کچھ ایسے مسائل ہوتے ہیں جن کی مرمت گڑھے کے بطور نہیں کی جا سکتی اور ان کے لیے مزید مخصوص مرمتیں درکار ہوتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے جب یہ سڑک کا گڑھا نہ ہو (When It's Not A PotHole) دیکھیں۔

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میں جس کی اطلاع دے رہا ہوں اس کی مرمت سڑک کے گڑھے کے بطور ہو سکتی ہے یا نہیں؟
ہم ہر کسی سے راستوں کے نقائص کے درمیان تمیز کرنے کا اہل ہونے کی توقع نہیں کرتے ہیں۔ روڈ مینٹیننس کی ایسی بھی قسمیں ہو سکتی ہیں جن کی درخواست 311 کی معرفت کی جا سکتی ہے۔ ہم آپ کو سڑک کی ایسی قسم کی خرابی کی رپورٹ دینے کی ترغیب دیتے ہیں جو آپ کے لیے باعث تشویش ہو، خاص طور پر اگر وہ خطرناک لگتی ہو۔ اگر یہ گڑھا نہ ہو تو، ہم جواب دیں گے اور آپ کو بتائیں گے کہ آپ کی درخواست موزوں قسم کی سروس کے پاس پہنچا دی گئی ہے۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے جب یہ سڑک کا گڑھا نہ ہو(When It's Not A PotHole) دیکھیں۔

شہر کتنے گڑھوں کی بھرائی کرتا ہے؟
سٹی آف ہیوسٹن ہر سال تقریباً 50,000 گڑھوں کو بھرتا ہے۔ عوام کی جانب سے ایک سال میں 6,000 سے زیادہ گڑھوں کی مرمت کی درخواستیں جمع کرائی جاتی ہیں۔

یہ مرمتیں اسفالٹ سے کی جاتی ہیں اور عام طور پر یک نفری والے پاٹ ہول پیچ ٹرک کی مدد سے مرمتیں کی جاتی ہیں۔ یہ یک نفری ٹرک سیال اسفالٹ ایملشن اور چھوٹے کنکر کے مجموعے کا استعمال کر کے مرمت کا کام کرتا ہے۔ یک نفری ٹرک کے ذریعہ کی جانے والے مرمت عموماً اس مقام پر پہنچنے کے بعد 15 منٹ کے اندر ہو جاتی ہے۔

گڑھوں کو جس طریقے سے ٹھیک کیا جاتا ہے اس طریقے کو تبدیل کرنے کے لیے میئر ٹرنر (Mayor Turner) نے کیا کام کیے؟
ہدف تو یہ ہے کہ سٹی آف ہیوسٹن کو گڑھوں کی اطلاع دیے جانے کے بعد والی صبح سے شروع کرکے، تین کاروباری دنوں کے اندر ان کو بھر دیا جائے۔ اس میں راستے کے وہ نقائص شامل نہیں ہیں جن کی مرمت گڑھوں کے بطور نہیں کی جا سکتی ہے۔

گڑھا کس وجہ سے ہوتا ہے؟
گڑھے اس وقت ہوتے ہیں جب سڑک کے پختہ راستے اس وجہ سے پھٹ اور ٹوٹ جاتے ہیں کہ سڑک کی اندرونی اساس عام طور پر پانی سے متاثر ہوا ہو۔ اس حصے کے اوپر چل رہے ٹریفک کی وجہ سے گڑھے بڑے ہو جاتے ہیں۔

پرانے شگاف سے ہوکر یا سڑک کے کنارے کی طرف سے پانی پختہ راستے کے نیچے گھس سکتا ہے۔ وقت گزرنے پر، پانی کی وجہ سے پختہ راستے کے نیچے کا مواد بوسیدہ ہونے لگتا ہے، جس کی وجہ سے پختہ راستہ نیچے دھنس جاتا اور ٹوٹ جاتا ہے۔

پختہ راستے کے ڈیزائن سے زیادہ بھاری بھرکم ٹریفک کے نتیجے میں بھی دراڑیں پڑ سکتی ہیں۔ کافی تعداد میں ٹریفک یا بھاری ٹرکوں اور بسوں کے ذریعہ ایسی اسٹریٹ کے استعمال کی وجہ سے بھی پختہ راستوں میں دراڑیں پڑ سکتی ہیں اور وہ ٹوٹ سکتی ہیں، جو اس مقصد کے لیے نہیں بنائی گئی ہوتی ہے۔ موسم سرما منجمد کر دیتا ہے اور بھاری بارش ان حالات کو بدتر بنا دیتی ہے اور ایسا محسوس ہونے لگتا ہے گویا گڑھے راتوں رات ٹوٹ کر بن گئے ہوں۔

کیا گڑھوں کا کوئی طویل مدتی حل ہے؟
طویل مدتی حل یہ ہے کہ انتہائی فعال تدابیر کے ذریعے ہمارے بنیادی ڈھانچہ جیسے سڑک کی سیلنگ، دراڑ کی بھرائی، جوڑ کی سیلنگ اور پختہ راستے کی زندگی بڑھانے کے لیے پختہ راستے کو اوپر اٹھانے کا کام کیا جائے، اور منصوبے کو بدلنے / ہمارے پرانے پختہ راستوں کی تعمیر نو میں سرمایہ کاریاں جاری رکھی جائیں۔ گڑھے عام طور پر اس پختہ راستے پر نہیں بنیں گے جو اچھی حالت میں ہوں، جو اندرونی اساس کو اس کے نیچے گھسنے والے پانی سے بچاتا ہو، اور جس قسم کا ٹریفک اسے استعمال کرتا ہے اسی کے لیے اس کو بنایا گیا ہو۔

سڑک کے گڑھے اور پختہ راستے کے دیگر حالات

- مرمت – خرابی پیدا ہو جانے کے بعد محفوظ حالت میں بحال کرنے کیلئے۔ مقامی نوعیت کے مسائل کیلئے استعمال ہوتا ہے جیسے گڑھے، بوسیدہ پختہ راستے والے علاقے، کنکریٹ میں رخنہ کی مرمت۔ مرمت کے عمومی طریقے میں شامل ہے گڑھے کی بھرائی، سطح کی پیوند کاری، جزوی گہرائی کی پیوند کاری/مرمت، پوری گہرائی کی مرمت، یا واحد کنکریٹ پینل والی مرمت۔
- باز بحالی – قریب قریب اصل حالت میں بحال کرنے کیلئے۔ ان خراب ترین سڑکوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جہاں مجموعی سفر کا معیار گر گیا ہو۔ عمومی طور پر مستعمل طریقے ہیں، اوپر سے اسفالٹ کی پرت چڑھانا یا متعدد کنکریٹ پینل کو بدلنا۔
- تعمیر نو – حالیہ معیار کے ساتھ جامع طور پر دوبارہ بنا کر ایک نئی حالت میں لانے کیلئے۔ اس کا استعمال سب گریڈ، سڑک کی اساس، سڑک کی نئی سطح، سڑک کے حاشیہ، سگنل لگانا، علامت لگانا، نشان زد کرنا، روشنی، درخت اور شجر کاری کو دوبارہ تشکیل دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے، اور اس میں سڑک پر چلنے کے حق میں ہی آنے والی یوٹیلیٹی لائنوں کو بدلنا بھی شامل ہو سکتا ہے۔

پاٹ ہول

25 مربع فٹ تک چھوٹے ہوئے یا شدید حد تک زوال پذیر پختہ راستے والا علاقہ

پنچ آؤٹ

ٹکڑوں میں ٹوٹے ہوئے کنکریٹ کے پختہ راستے کا مقامی حصہ، *اب ایک گڑھا*

رخنہ

رخنہ کسی جوڑ کے چاروں طرف ابھری ہوئی جگہ میں پایا جانے والا شگاف ہوتا ہے

مقامی نوعیت کے پختہ راستے کی ناکامی

پھٹے ہوئے، ٹوٹے ہوئے، دھنسے ہوئے پختہ راستے کا حصہ جو سائز اور شکل میں پھیلا ہوا ہو